جامعہ سلفیہ ابوبکر اہل حدیث بن خرماں (میرپور) میں

13 ویں سالانہ سیرت تاجدار انبیاء ﷺ کانفرنس

مورخہ 31 مارچ بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامعہ سلفیہ ابوبکر اہل حدیث بن خرماں میں 13 ویں سالانہ عظیم الشان تاجدار انبیاء ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی حضرت مولانا محمد ابراہیم میرپوری چیئرمین اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ یوکے تھے جبکہ پروگرام کی سرپرستی حضرت مولانا عبدالعزیز خلیل بانی جامعہ ہذا نے کی، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری شبیر احمد سلفی نے سرانجام دیئے، کانفرنس سے مولانا انس مدنی آف کراچی اور مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔

مسجد عبداللہ بن مسعود کوٹ جھرانہ آہلہ منڈی بہاؤالدین میں مقام محمد رسول اللہ ﷺ کانفرنس

مورخہ 2 اپریل بروز سوموار بعد نماز عشاء جامع مسجد عبداللہ بن مسعود اہل حدیث کوٹ جھرانہ میں مقام محمد رسول اللہ ﷺ کانفرنس زیر صدارت حافظ محمد فہد ناظم اعلیٰ مرکزیہ منڈی بہاؤالدین منعقد ہوئی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کانفرنس کی سرپرستی فرمائی۔ کانفرنس سے قاری محمد یوسف راشد، صاحبزادہ حافظ انعام الرحمٰن یزدانی، صدر اہل حدیث یوتھ فورس حافظ فیصل افضل شیخ اور قاری محمد یٰسین بلوچ نے خطاب کیا۔

مدرسہ دارالقرآن والحدیث اہل حدیث شہیداں والی روڈ منڈی بہاؤالدین

مورخہ 7 اپریل بروز ہفتہ بعد نماز عشاء مدرسہ دارالقرآن والحدیث المعروف مرکزی عیدگاہ اہل حدیث شہیداں والی روڈ منڈی بہاؤالدین میں چھٹی سالانہ قرآن وسنت کانفرنس بسلسلہ تقسیم اسناد وانعامات منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ کانفرنس سے حافظ عتیق اللہ عمر صدر جمعیت اساتذہ پاکستان، مولانا محمد حسین مدنی آف کامونکی اور عظیم مذہبی سکالر مولانا خلیل الرحمٰن جاوید آف کراچی نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) اور مولانا نوید احمد بشار نے شرکت کی۔

وفیات

محمد فرید و محمد افضل (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 14 جنوری بروز اتوار محمد فرید و محمد افضل کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔

انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

راجہ حسن (ڈھوک صوبیدار) کو صدمہ

مورخہ 20 جنوری بروز ہفتہ راجہ حسن کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ اور تلاوت قرآن کی پابند خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے ڈھوک صوبیدار میں پڑھائی۔

ملک امجد (مشین محلّہ نمبر 2) کو صدمہ

مورخہ 22 جنوری بروز سوموار ملک امجد کے والد ملک نذیر احمد مشین محلّہ نمبر 2 میں وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

میاں محمد ادریس (ڈھوک جمعہ) کو صدمہ

مورخہ 24 جنوری بروز بدھ میاں محمد ادریس کی بھاوج محترمہ وفات پا گئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

سید فرقان شاہ (کالا گوجراں) کو صدمہ

مورخہ یکم مارچ بروز جمعرات سید فرقان شاہ کی اڑھائی ماہ کی بچی وفات پا گئی۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

فخر الملک عمران مہربان و عاطر مہربان کو صدمہ

مورخہ 5 مارچ بروز سوموار فخر الملک عمران مہربان کی زوجہ محترمہ اور عاطر مہربان کی بھاوج وفات پا گئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر نے بلال ٹاؤن میں پڑھائی۔

انعام اللہ و رضا اللہ (محلّہ مہندی شاہ) کو صدمہ

مورخہ 5 مارچ بروز سوموار انعام اللہ و رضا اللہ کے والد محترم محلّہ مہندی شاہ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم أثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے اہم اعلان

دس (10) دینی کتابیں مفت منگوائیں!

جامعہ محمدیہ رجسٹرڈ جام پور کے شعبہ نشر و اشاعت: ادارہ تبلیغ اسلام کی طرف سے درج ذیل اصلاحی و تبلیغی دس (10) کتابیں مفت زیر تقسیم ہیں!

1۔عذابِ قبر میں مبتلا اور اس سے محفوظ رہنے والے لوگ 2۔ایصالِ ثواب: جائز اور ناجائز صورتیں......

3۔غیبت کے نقصانات اور چغل خور کا انجام...... 4۔توبہ: معنی، حقیقت، فضیلت و شرائط......

5۔دم ذریعہ علاج کتاب و سنت کی روشنی میں...... 6۔اللہ تعالیٰ عرش پر مستوی ہے......

7۔توحید کے عنوان پر اہم کتاب: التوحید...... 8۔شادی بیاہ کے مسنون طریقے......

9۔اللہ تعالیٰ سے دعائیں اور التجائیں...... 10۔پیارے نبی ﷺ کی پیاری سنتیں......

خواہش مند حضرات پچاس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت منگوائیں!

اہل حدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل فور کلر اور جاذب نظر سات اشتہارات کا مکمل سیٹ صرف بیس (20) روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر منگوائیں اور فریم کروا کر اپنے زیر انتظام مساجد میں آویزاں کریں یہ اشتہارات مسائل حقہ کی ترویج کا بہترین ذریعہ ہیں۔

نوٹ: لٹریچر کی ترسیل پندرہ شعبان تک جاری رہے گی۔ان شاء اللہ

منجانب: محمد یٰسین راہی مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جام پور ضلع راجن پور پنجاب

0333-8556473